رہبر معظم کی نیازمند قیدیوں کی رہائی کے لئے 450 ملین تومان کی مدد - 29 /Apr/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے 33 ویں جشن گلریزاں کے موقع پر دیہ کمیٹی کو نیازمند قیدیوں کی رہائی کے لئے 450 ملین تومان کی مدد فراہم کی ہے۔

جشن گلریزاں دیہ امور سے متعلق عوامی کمیٹی اور نیازمند قیدیوں کی مدد کے سلسلے میں ہر سال بعض حکام اور خیّرافراد کی موجودگي میں تہران اور ملک کے مختلف شہروں میں منعقد ہوتا ہے ۔ دیہ کمیٹی کے مطابق اس سال یہ جشن کورونا وائرس کی وجہ اور خیّرین کی سلامتی کے پیش نظر ٹی وی پروگرام اور مجازی سائٹوں کے ذریعہ منعقد کیا جائےگا۔